| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 63 ]
Total No. of Questions : 63 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 24
[ Total No. of Printed Pages : 24

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U** **ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು**

**Code No. : 12-U** **Subject : First Language — URDU**

ದಿನಾಂಕ : 01. 04. 2011 ]
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ–1-45 ರವರೆಗೆ ]
ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 125 ]

[ Date : 01. 04. 2011
[ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.
[ Max. Marks : 125

**FOR OFFICE USE ONLY**

| Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | | 14. | | | 27. | | | 40. | | | 53. | |
| 2. | | | 15. | | | 28. | | | 41. | | | 54. | |
| 3. | | | 16. | | | 29. | | | 42. | | | 55. | |
| 4. | | | 17. | | | 30. | | | 43. | | | 56. | |
| 5. | | | 18. | | | 31. | | | 44. | | | 57. | |
| 6. | | | 19. | | | 32. | | | 45. | | | 58. | |
| 7. | | | 20. | | | 33. | | | 46. | | | 59. | |
| 8. | | | 21. | | | 34. | | | 47. | | | 60. | |
| 9. | | | 22. | | | 35. | | | 48. | | | 61. | |
| 10. | | | 23. | | | 36. | | | 49. | | | 62. | |
| 11. | | | 24. | | | 37. | | | 50. | | | 63. | |
| 12. | | | 25. | | | 38. | | | 51. | | | × | |
| 13. | | | 26. | | | 39. | | | 52. | | | × | |
| | | | | | | | | | | | | ***Total Marks*** | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Total Marks in words** | | **Grand Total** | |
| 1. ✓ | | | |
| 2. ✓ | | ✓ | ✓ |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* |

[ Turn over

## عام ہدایات :

i) سوال۔مع۔جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اورموضوعی (Subjective) قسم کے 63 سوالات ہیں۔

ii) ہرمعروضی قسم کےسوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔آ پکوصحیح جواب چُننا ہے اورمکمل جواب اسکےحرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہرموضوعی قسم کےسوال کے لئے کافی جگہہ مہیا کی گئی ہے۔آ پکوسوالوں کے جواب اسی جگہہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اورموضوعی دونوں قسم کےسوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کےمطابق جواب لکھئے۔

v) پنسل سے جواب مت لکھئے۔پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی(سوائے گرافوں،ڈائگراموں اورمیپوں کے)۔

vi) کثیرانتخابی (Multiple choice)،خالی جگہوں کوپُر کرنااورمناسب جوڑ لگاناکےسوالوں کی حالت میں کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے،ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

vii) سوال پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کاوقت الگ سےدیا جائیگا۔

I. ہرسوال یا نامکمل بیان کے نیچے چارمتبادل جوابات دئے گئے ہیں۔مناسب ترین جواب چُن کرجواب کے لئے مہیا کی گئی جگہ پر لکھیئے۔ 15 × 1 = 15

1. آپؐ کاحکم تھاجومسلمان مرجائے اوراپنے ذمہ قرض چھوڑ جائےتو مجھےاطلاع دو،میں اُس کاحق ادا کروں گا،اورترکہ چھوڑ جائے تو وہ وارثوں کاحق ہے۔

A) مجھےاس سےکوئی غرض نہیں۔
B) مجھےاس سےکوئی مطلب نہیں۔
C) مجھےاس سےکوئی طلب نہیں۔
D) مجھےاُس سےکوئی رغبت نہیں۔

جواب : ______________________________

2. ’ رفیق نبوت ‘ سےمرادکون ہیں؟

A) حضرت ابوبکرؓ
B) حضرت عمرؓ
C) حضرت عثمانؓ
D) حضرت علیؓ

جواب : ______________________________

3. ''نندی'' پہلا جہاز تھا، جو عبدالکلام کی قیادت میں تیار ہوا، جسے خود عبدالکلام نے.................. کے ہمراہ پہلی مرتبہ اُڑایا۔

A) ڈاکٹر رادھا کرشنن B) ڈاکٹر سروشوور یشوریا

C) کرشن مینن D) پروفیسر اسپونڈر

جواب : ________________________________

4. غزل کے لغوی معنی.................. بات کرنے کے ہیں۔

A) دوستوں سے B) رشتہ داروں

C) عورتوں سے D) دشمنوں سے

جواب : ________________________________

5. ''چاند تاروں کا بن'' ایک

A) مرثیہ نظم ہے B) تاریخی نظم ہے

C) قصیدہ ہے D) آزاد نظم ہے

جواب : ________________________________

6. مفرد جملے کی کتنی قسمیں ہیں؟

A) دو B) چار

C) چھ D) پانچ

جواب : ________________________________

7. کسِ شاعر کو شاعرِ مشرق کہا جاتا ہے؟

A) ساحر لدھیانوی B) علامہ اقبال

C) مولانا حالی D) جان نثار اختر

جواب : ________________________________

.8 اس شعر کو مکمل کیجئے :

''اذاں پر اذاں مرغ دینے لگا ہے''

A) سہانا ہے وقت اور ٹھنڈی ہوا ہے
B) ہر اک ملک میں دیش میں ہر وطن میں
C) درختوں کے اُوپر عجب چہچہا ہے
D) خوشی سے ہر اک جانور بولتا ہے

جواب : ______________________________

.9 مولانا شاہ ابوالحسن ادیب کی لکھی ہوئی کتاب کا نام کیا ہے؟

A) سلطنت خداداد
B) آگ کا دریا
C) تاریخ جدید ہند
D) مفصل تاریخ کرناٹک

جواب : ______________________________

.10 ''صبح کی آمد'' لکھنے والے شاعر کا نام بتایئے :

A) امجد حیدر آبادی
B) الطاف حسین حالی
C) اسمٰعیل میرٹھی
D) راہی قریشی

جواب : ______________________________

.11 ''اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا'' اس ضرب المثل کے معنی بتایئے :

A) اکیلا آدمی مدد لے سکتا ہے
B) اکیلا آدمی سب کچھ کر سکتا ہے
C) اکیلا آدمی کچھ نہیں کر سکتا
D) اکیلے آدمی کی مدد کرو

جواب : ______________________________

.12 ''تلمیح'' شعر اُس شعر کو کہتے ہیں :

A) جس میں کسی واقعہ کی طرف اشارہ ہو
B) جس میں کسی کی موت پر افسوس کیا گیا ہو
C) جس میں اخلاقی باتیں پیش کی گئی ہوں
D) جس میں کسی خوشی کا اظہار کیا گیا ہو

جواب : ______________________________

13. شاباش تمہارا کام بہت عمدہ ہے - یہ کونسا جملہ ہے؟

A) جملہ استفہام
B) جملہ تحسین
C) جملہ ندا
D) جملہ تنبیہہ

جواب : ______________________________

14. نظم ''صدیق'' میں علامہ اقبالؔ نے کس غزوہ کے تعلق سے لکھا ہے ؟

A) غزوہ احد
B) غزوہ خندق
C) غزوہ تبوک
D) غزوہ خیبر

جواب : ______________________________

15. اُن لوگوں نے جو یہ تیرا پہاڑ دیکھا تو اُس کا نام اپنے وزیر اعظم کے نام پر رکھا - یہ بات کس کے حوالے سے ہے؟

A) ماونٹ اٹل بہاری واجپئی
B) ماونٹ اندرا
C) ماونٹ راجیو گاندھی
D) ماونٹ نہرو

جواب : ______________________________

II. مندرجہ ذیل کی خانہ پُری کیجئے : 5 × 1 = 5

16. کمپیوٹر کے تربیت یافتہ اشخاص ______________ کہلاتے ہیں۔

______________________________

17. مرثیہ خاک دِل میں شاعر نے رفیقہ حیات ______________ کے انتقال پر ماتم کیا ہے۔

______________________________

18. اری بہو، اس غریب کا ____________ تو بخش دو۔

---

19. محمد قلی قطب شاہ، قطب شاہی سلطنت کا ____________ بادشاہ تھا۔

---

20. دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے بنا ہوا جملہ ____________ کہلاتا ہے۔

---

III. 21. ' الف ' اور ' ب ' کا مناسب جوڑ لگایئے: 5 × 1 = 5

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | ہستی کے معنی | (a) | ہم سایہ |
| (ii) | بانگِ درا | (b) | جان نثار اختر |
| (iii) | پڑوسی | (c) | احمد جمال پاشاہ |
| (iv) | نذر بتاں | (d) | زندگی |
| (v) | لذت آزار | (e) | علامہ اقبال |

جواب: i) ____________

ii) ____________

iii) ____________

iv) ____________

v) ____________

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے: 10 × 1 = 10

22. مطلع کسے کہتے ہیں؟

23. کمپیوٹر کی ایجاد کب ہوئی؟

24. تخلص کسے کہتے ہیں؟

25. بچپن میں ڈاکٹر عبدالکلام کن افراد سے متاثر تھے؟

26. شاعر کے دِل کی بے قراری کی وجہ کیا ہے؟

27. رباعی میں کتنے مصرعے ہیں اور کون سا مصرعہ ہم قافیہ نہیں ہے؟

.28 میونسپلٹی کا چیرمین کون تھا؟

.29 برکھارت کس شاعر کی نظم ہے؟:

.30 حضورؐ نے کس گھر کو مسلمانوں کا سب سے اچھا گھر قرار دیا ہے؟

.31 اللہ کی عنایت کے کون کون ممنون ہیں؟

.V درج ذیل کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے : $15 \times 2 = 30$

.32 شاعر نے ''صبح کی آمد'' نظم میں فطرت کی عکاسی کن الفاظ میں کی ہے؟

33. حضورِ اکرمؐ نے ''رفیقِ نبوت'' سے کیا دریافت کیا؟

34. امریکہ جانے سے پہلے ڈاکٹر عبدالکلام نے کیا کیا؟

35. جملہ اسمیہ کی تعریف کیجئے اور مثال لکھئے۔

36. وہ کون سا نکتہ ہے جو فلسفیوں سے بھی حل نہ ہوا؟

37. حضورؐ کی مہمان نوازی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

38. شیخ نجیب اپنی بیوی کے پاس کھڑے ہو کر کیوں گرج رہے تھے؟

39. صفیہ کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟ شاعر سے اُس کا رشتہ کیا ہے؟

40. بحر کی تعریف کیجئے اور کل بحریں کی تعداد لکھئے ؟

41. قطب جنوبی میں رات اور دِن کا کوئی سوال کیوں نہیں ہوتا ؟

42. شاعر پیا کے بغیر زندگی کیسے محسوس کرتا ہے؟ اس غزل کے شاعر کون ہیں؟

43. مرکب مطلق کی چار قسمیں کون سی ہیں؟

44. بدلہ نظم کس نے لکھی ہے اور شاعر کے نزدیک دنیا کیا ہے؟

45. آخری وقت چاند بی بی کی زبان پر کیا کلمات تھے؟

46. ابن خلدون کون ہے اور تاریخ میں اُس کا کیا مقام ہے؟

VI. مندرجہ ذیل سوالات کے تین یا چار جملوں میں جوابات لکھئے : 10 × 3 = 30

47. شکر کی دکان جاتے وقت گھر کے افراد نے مصنف کو کیا کیا ہدائیتں دیں؟

48. کل جگ نہیں کر جگ ہے، شاعر نے اس خیال کی وضاحت کِس طرح کی ہے؟

49. صبح دم کیا ہوا، اور کیوں؟

متن کے حوالے سے تشریح کیجئے :

50. دور ہو جا، میرے سامنے سے، ہٹ جاؤ یہاں سے غدار کہیں کے۔

51. ہوش میں رہیئے مقبول میاں، یہاں کا رہنا بُھلا دونگا سمجھے۔

52. بھائی! آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ ہم تو ان کو صبح سے لائن میں دیکھ رہے ہیں۔

* اشعار کا مطلب لکھئے :

53. عکس رخسار نے کس کے ہے تجھے چمکایا
تاب تجھ میں مہ کاملِ کبھی ایسی تو نہ تھی

54. بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

☆ ان میں سے کسی دو کا تعارف کروائیے :

( i ) ڈاکٹر محمد اقبال ( ii ) سید سلیمان ندوی ( iii ) اسمٰعیل میرٹھی

.55

.56

☆ ان سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 4 × 4 = 16

57. عورتوں کے بارے میں رسول اکرمؐ نے کیا فرمایا ہے؟

58. ڈاکٹر عبدالکلام کی ابتدائی زندگی کے حالات بیان کیجئے۔

59. اپنی یادداشت سے ''حمد'' یا '' نعت '' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے :

کوئی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے :

60. ( i ) صبح کی آمد ( ii ) صدیقؓ

61. اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام ایک خط لکھئے جس میں طبیعت کی خرابی کے سبب دو یا تین دن کی چھٹی کی درخواست کی گئی ہو۔ 5

62. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھو : 5

۱) بڑھتی ہوئی مہنگائی ۲) ماحول کی آلودگی اور اُسکی روک تھام

63. مندرجہ ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے: $4 \times 1 = 4$

''جودی'' ایک پہاڑی کا نام ہے، جہاں حضرت نوحؑ کی کشتی طوفان ختم ہونے کے بعد آ کر رُکی تھی۔ پانی اُترنے کی اطلاع کشتی میں سوار ایک کبوتر کے ذریعے ملی جسے حضرت نوحؑ نے علاقے میں جا کر حال معلوم کرنے کے لئے بھیجا تھا۔ واپسی میں وہ زیتون کی شاخ چونچ میں دبا کر لایا، یہ اس بات کی علامت تھی کہ بہت سی بستیاں اور پیڑ جو پانی میں ڈوب گئے تھے۔ اب ظاہر ہونے لگے ہیں۔ طوفان ختم ہو چکا تھا اور پانی اُترنے لگا تھا۔

i) نوحؑ کی کشتی کہاں آ کر کھڑی تھی؟

ii) پانی اُترنے کی اطلاع حضرت نوحؑ کو کس نے دی؟

iii) پرندہ اپنی چونچ میں کیا پکڑ کر لایا تھا؟

iv) پانی میں کون کون سی چیزیں ڈوب گئی تھیں؟